# اسٹریپ اے اور اسکارلیٹ فیور

SELF CARE FORUM FACT SHEET NO. 23

Self Care Forum
Helping people take care of themselves

## جب کسی کو انفیکشن ہو تو میں کیا توقع کرسکتا ہوں؟

**انفیکشن کے بعد علامات ظاہر ہونے میں کتنا وقت لگتا ہے؟**

علامات 24 گھنٹے اور انفیکشن کے بعد 7 دن تک تیزی سے ظاہر ہو سکتی ہیں۔ عام طور پر، علامات ظاہر ہونے میں 2 سے 5 دن لگتے ہیں: اسے انکیوبیشن پیریڈ کہا جاتا ہے۔

**اسٹریپ اے اور اسکارلیٹ فیور انفیکشن کی علامات کیا ہیں؟**

علامات اور ان کی شدت ایک شخص سے دوسرے شخص میں کافی مختلف ہو سکتی ہیں۔

- **ابتدائی علامات:** گلے میں خراش یاسرخ ہونا، سر درد، بخار، متلی اور الٹی۔
- **خارش:** چھوٹے، ابھرے ہوئے ٹکڑوں، جو چھونے پر سینڈ پیپر کی طرح کھردرے محسوس ہوتے ہیں، **GAS** کی خاصیت ہے۔ خارش عام طور پر 48 گھنٹوں کے دوران نکل آتی ہے۔ جلدسرخ نظر آتی ہے جسے کبھی کبھی سیاہ یا کالی جلد پر دیکھنا مشکل ہوتا ہے۔
- **سرخ گال اور چہرہ**، جو سیاہ جلد پر دھوپ میں جلنے کی طرح نظرآتے ہیں، اور منہ کے گرد پیلے ہو سکتے ہیں۔
- **سوجی ہوئی سرخ زبان:** زبان پر ابتدائی طور پر ایک سفید کوٹنگ ہو سکتی ہے جس کے اترنے سے زبان سرخ اور سوجی ہوئی نظر آتی ہے (جسے 'اسٹرابیری زبان' کہا جاتا ہے)۔
- **نگلنے میں دشواری:** گردن میں بڑھے ہوئے غدود (لمف نوڈس) جو چھونے پر نرم محسوس ہوتے ہیں۔
- **چڑچڑاپن**، تھکاوٹ اور عام طور پر بیمار محسوس کرنا۔
- جیسے جیسے لوگ صحت یاب ہوتے ہیں ان کے ہاتھوں اور پیروں کی انگلیوں سے **جلد جھڑنے** لگتی ہے تاہم ایسا جسم اور پتھوں پر کم ہی ہوتا ہے۔

امپیٹگو GAS انفیکشن اور دیگر بیکٹیریا کی وجہ سے بھی ہو سکتا ہے۔ یہ جلد پرزخموں یا چھالوں کی طرح لگتا ہے جو جلد پھٹ جاتے ہیں اور خشک، سنہری بھورے دھبے چھوڑ دیتے ہیں۔ جو درد والے اور خارش زدہ ہو سکتے ہیں اور جسم کے دوسرے حصوں تک پھیل سکتے ہیں۔

## اسٹریپ اے انفیکشن کیا ہے اور اسکارلیٹ فیور کیا ہے؟

سکارلیٹ فیور، جسے بعض اوقات اسکارلیٹینا کہا جاتا ہے، ایک انفیکشن ہے جو اسٹریپٹوکوکس پیوجینز یا گروپ اے اسٹریپٹوکوکی بیکٹیریا (اسٹریپ اے) سے ہوتا ہے۔

**اس کو اکثر 'GAS' مخفف کیا جاتا ہے، اس فیکٹ شیٹ میں یہی اصطلاح استعمال ہوگی**

- GAS اکثر گلے کی سوزش کے طور پر ظاہر ہوتا ہے، یہ جلد میں انفیکشن، امپیٹگو، (بائیں طرف علامات دیکھیں) کا سبب بھی بن سکتا ہے۔
- GAS انتہائی متعدی ہے جو آسانی سے اور تیزی سے پھیلتا ہے۔
- پھیلاؤ کو کم کرنے کے لیے فوری علاج ضروری ہے۔
- یہ ایک 'اطلاع دینے کے لائق' انفیکشن ہے، مطلب یہ ہے کہ اس کی اطلاع دی جانی چاہیے تاکہ اس کے پھیلنے کے خطرے کو کم کرنے کے لیے موثر نگرانی اور حفاظت کی جا سکے۔
- شاذ و نادر صورتوں میں GAS بیکٹیریا پھیل سکتے ہیں اور خون کے دھارے میں داخل ہو سکتے ہیں اور سیپٹیسیمیا جیسی ناگوار بیماری کا سبب بن سکتے ہیں، جسے 'انویزو گروپ اے اسٹریپٹوکوکس انفیکشن' کہا جاتا ہے، جسے مختصراً 'iGAS' کہا جاتا ہے۔

**GAS انفیکشن کتنا عام ہے اور اس کے لگنے کا سب سے زیادہ امکان کن کو ہے؟**

- GAS انفیکشن نسبتاً کم ہوتے ہیں، انگلینڈ میں اوسطاً 30,000 کیسز سالانہ ہوتے ہیں جن کی سب سے زیادہ تعداد موسم سرما اور بہار میں ہوتی ہیں۔
- GAS عام طور پر بچوں کو متاثر کرتا ہے، لیکن یہ کسی بھی عمر کے فرد کو متاثر کر سکتا ہے۔
- بوڑھے افراد اور دیگر بیماریوں میں مبتلا افراد کو انفیکشن کے نتیجے میں مزید سنگین بیماری ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔
- گزشتہ وائرل بیماری، چکن پاکس یا انفلوئنزا کے ساتھ، GAS اور زیادہ سنگین 'انویزو (iGAS) بیماری' کے خطرے کو بڑھا سکتی ہے۔ سکارلیٹ فیور اور چکن پاکس کی بیماری اسکولوں، نرسریوں اور بچوں کے ماحول میں پھیل سکتی ہے۔

2022 میں GAS انفیکشن کے کیسز کی بڑھتی ہوئی تعداد نوٹ کی گئی۔ اس کا ممکنہ وجہ آبادی میں معمول کے بیکٹیریا کی زیادہ تعداد کا گردش میں ہونا اور COVID-19 وبائی بیماری کے بعد سماجی اختلاط کا ہونا ہے۔

**انفیکشن کیسے پھیلتا ہے؟**

- GAS کسی متاثرہ شخص کے بلغم یا لعاب کیساتھ قریبی رابطے سے پھیل سکتا ہے، یہ کپ، پلیٹوں، قلم، کھلونوں یا سطحوں پر ہو سکتا ہے، جیسا کہ میزیں جنہیں استعمال کیا گیا ہو یا چھوا ہو۔
- یہ متاثرہ شخص کے کھانسنے یا چھینکنے یا جب وہ سانس لے رہا ہو تو اس سے پیدا ہونے والی متاثرہ ہوا میں پائی جانیوالی بوندوں کو سانس کے ذریعے کھینچ لینے کی وجہ سے بھی ہو سکتا ہے۔
- انفیکشن ان لوگوں سے بھی پھیل سکتا ہے جن میں بیماری کی کوئی علامت نہ ہو۔

## اگر مجھے اسٹریپ اے اور اسکارلیٹ فیور کا شبہ ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

- بہت سے وائرس اور بیکٹیریا جو گلے کی سوزش کا سبب بن سکتے ہیں زیادہ تر، بشمول GAS، ہلکی نوعیت کے ہوتے ہیں اور بغیر علاج کے ختم ہو جاتے ہیں۔
- اگر آپ یا آپکا بچہ اوپر بیان کی گئی علامات ظاہر کر رہا ہے تو آپکو اپنی جنرل پریکٹس یا فارماسسٹ سے مشورہ کرنے کی ضرورت ہے۔ تشخیص عام طور پر صرف علامات سے کی جاتی ہے لیکن اس کی تصدیق گلے سے حاصل کردہ نمونہ سے کی جا سکتی ہے جو GAS بیکٹیریا کی موجودگی کو ظاہر کر دے گا۔ بعض صورتوں میں انفیکشن کی تصدیق کے لیے خون کے ٹیسٹ کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- اگر کسی اسکول یا نرسری میں دیگر کیسز ہیں تو مقامی ہیلتھ پروٹیکشن ٹیم جی پی کو مزید علاج کے بارے میں مشورہ دے گی۔ نرسریوں میں ان لوگوں کو جو رابطہ میں ہوں ویریلا یا چکن پاکس ویکسین دینا شامل ہو سکتا ہے۔
- GAS انفیکشن کے ساتھ رابطے میں رہنے والوں یا علامات ظاہر نہ کرنے والوں کو عام طور پر اینٹی بائیوٹکس نہیں دی جاتی ہیں۔

Fact Sheet No 23 : Strep A and Scarlet Fever.
The Self Care Forum. www.selfcareforum.org
March 2023. Next review due: Nov 2024

ROYAL PHARMACEUTICAL SOCIETY

Self Care Forum
Helping people take care of themselves

## مدد کب طلب کی جائے

زیادہ تر لوگوں کے لیے GAS انفیکشن پیچیدگیاں پیدا نہیں کرتا لیکن یہ انفیکشن کے ابتدائی مراحل میں ہو سکتی ہیں:

- لوکل انفیکشن؛ کان کا انفیکشن، گلے کا پھوڑا، سائنوس کی سوزش (سائنسائٹس)، جلد یا نرم بافتوں کا انفیکشن (سیلولائٹس)۔
- ان ویزو بیماری؛ نمونیا، جوڑوں کی سوزش (گٹھیا)، سیپٹیسیمیا، گردن توڑ بخار

**سکارلیٹ بخار کے دیرپا اثرات**

- بہت شاذ و نادر لوگوں میں دیر سے پیچیدگیاں پیدا  ہو سکتی ہیں جیس اکہ: ہڈی یا جوڑوں کے مسائل، جگر کو نقصان، گردے کو نقصان اور دل کا نقصان۔
- اس لیے یہ ضروری ہے کہ ابتدائی چند ہفتوں میں اصل انفیکشن ختم ہو جانے کے بعد کسی بھی ایسی علامات پر نظر رکھی جائیں جو ان پیچیدگیوں کو ظاہر کرتی ہوں۔
- **مسلسل شدید علامات:** جوڑوں کا درد، دھڑکن کا بے ترتیب ہونا، سانس پھولنا، ایسی صورت میں فوری طور پر طبی مدد حاصل کریں۔

ان ویزو گروپ اے اسٹریپٹوکوکل بیماری (iGAS)

- iGAS بیماری کی ابتدائی نشانیوں اور علامات میں شامل ہیں: تیز بخار، پٹھوں میں شدید درد، کہیں کہیں پٹھوں میں نرمی، درد میں اضافہ، زخم کی جگہ پر سوجن اور سرخی اور بغیر وجہ کے اسہال یا الٹیاں۔
- اگر یہ علامات ظاہر ہوں تو لوگوں کو فوری مدد اور مشورہ لینے کی ضرورت ہے اور گھر میں دیگر افراد کو بھی انفیکشن کا خطرہ ہے انہیں یہ بتانا چاہیے کہ انہیں GAS انفیکشن کا سامنا ہے۔

## مزید معلومات کہاں سے ملیں گی

**ای بگ:** بچوں کو حفظان صحت کے بارے میں تعلیم دینا: https://www.e-bug. eu/

**UKHSA:** سکارلیٹ فیور: علامات، تشخیص اور علاج - GOV.UK (www.gov.uk)

**NHS:** کیا میرا بچہ بہت بیمار ہے کہ سکول نہ جائے؟ - NHS (www.nhs.uk)

**UKHSA:** انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول - GOV.UK (www.gov.uk)

**NHS:** امپٹیگو  - NHS (www.nhs.uk)

**UKHSA:** اسکولوں، نرسریوں اور بچوں کی دیکھ بھال والی جگہوں میں سکارلیٹ فیور کے پھیلنے سے متعلق صحت عامہ کے انتظام کے لیے گائیڈلائنز۔

اگر آپ کورونا وائرس کے بارے میں فکر مند ہیں تو براہ کرم ملاحظہ کریں:

**NHS** انگلینڈ: https://www.nhs.uk/conditions/coronavirus- covid-19/

شمالی آئرلینڈ: NIDirect: https://www.nidirect.gov.uk/ campaigns/coronavirus-covid-19

سکاٹ لینڈ کے لیے **NHS Inform**: https://www.nhsinform.scot/ illnesses-and-conditions/infections-and-poisoning/coronavirus-covid-19

**NHS** ویلز 111: https://111.wales.nhs.uk/encyclopaedia/c/ article/coronavirus(covid19)/

## علاج اور اینٹی بائیوٹکس

**اگر GAS کی تشخیص ہو جاتی ہے، تو اینٹی بائیوٹکس کا ایک کورس تجویز کیا جائے گا۔**

- آپکو اینٹی بایوٹک کی ضرورت نہیں جب تک آپ  میں GAS انفیکشن اور علامات نہ ہوں۔
- کورس شروع کرنے کے بعد عام طور پر علامات بہت جلد ختم ہو جائیں گی، مکمل کورس پورا کرنا ضروری ہے۔ علامات سے نجات کے لیے اپنی کمیونٹی فارمیسی ٹیم کے رکن سے بات کریں۔
- اینٹی بایوٹک اس وقت کو کم کرتی ہے جب کوئی شخص متعدی اور بیماری کو منتقل کرنے کے قابل رہ سکتا ہے۔
- اگر سکارلیٹ فیور کا علاج نہ کیا جائے تو علامات 2 - 3 ہفتوں تک برقرار رہ سکتی ہیں اور لوگ متعدی رہیں گے۔ زیادہ تر لوگ اینٹی بائیوٹکس شروع کرنے کے 24 گھنٹے بعد متعدی نہیں رہیں گے۔
- انفیکشن کے پھیلاؤ کو کم سے کم کرنے کے لیے، آپ کو اینٹی بائیوٹکس شروع کرنے کے بعد کم از کم 24 گھنٹے تک اسکول یا کام سے دور رہنا چاہیے۔
- جو لوگ اینٹی بایوٹک کے ذریع علاج کرانے سے انکار کریں ان کو اس وقت تک اسکول یا کام سے دور رہنا ہوگا جب تک کہ ان کی علامات ختم نہ ہوجائیں۔

## میں ابھی اور مستقبل میں مدد کرنے کے لیے کیا کر سکتا ہوں؟

**اسکولوں اور کام کی جگہوں پر انفیکشن کے پھیلاؤ کو کم سے کم کریں۔**

بچے اور بالغ اسکول جانا یا معمول کے مطابق کام کرنا جاری رکھ سکتے ہیں جب تک کہ وہ بیمار محسوس نہ کریں اور ان کا درجہ حرارت زیادہ نہ ہو جائے۔۔

**انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول**

انفیکشن کسی متاثرہ شخص یا آلودہ اشیاء کے ساتھ رابطے سے پھیلتا ہے۔

اپنے لئے انفیکشن کے خطرے کو کم کرنے اور اپنے آس پاس کے لوگوں کی حفاظت کے لیے درج ذیل اقدامات ضروری ہیں۔ بچوں کو بھی اس بارے میں پڑھانا ضروری ہے - ای-بگ کے وسائل اس کے لیے کارآمد ہیں (مزید معلومات کہاں سے ملیں گی کا لنک دیکھیں)

- **وینٹیلیشن:** بند جگہوں پر رہنے سے گریز کریں اور جہاں ممکن ہو ہوا کی اچھی  آمد و رفت کو یقینی بنائے کھڑکیاں کھلی رکھیں۔
- **تنفس کی صفائی:** کھانستے اور چھینکتے وقت آپ کو ناک اور منہ کو ٹشو سے ڈھانپنا چاہیے اور ٹشو کو کوڑے دان میں پھینک دینا چاہیے، اور اپنے ہاتھ صاف کرنا چاہیے۔ اگر کوئی ٹشو نہیں ہے، کھانسی یا چھینک کو ہاتھ کے بجائے اندرونی کہنی (اوپر کی آستین) میں روکیں۔
- **چھونے سے گریز کریں** آلودہ ہاتھوں سے اپنی آنکھوں، منہ اور ناک کو ، اس سے دوبارہ انفیکشن کا خطرہ ہے۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ کھانسی یا چھینک یا کسی بھی ممکنہ طور پر آلودہ اشیاء اور مواد کے ساتھ رابطے کے بعد ہاتھ اچھی طرح صاف کیے جائیں۔
- **ہاتھوں کی صفائی**، ہاتھ دھونے یا الکحل جیل کا استعمال۔ کھانے سے پہلے اور بعد میں، بیت الخلا جانے کے بعد یا کسی بھی متاثرہ جگہ کو چھونے کے بعد جیسے کہ جلد پر دانے، کھانسی یا چہرے کو چھونے کے بعد ہاتھ دھوئیں۔
- **عمومی صفائی** رکھیں پلیٹ کپ اور کھلونوں وغیرہ کی اور گندے گھریلو کپڑے جیسے بستر اور تولیے کو احتیاط سے ہینڈل کرنے سے کراس انفیکشن کا خطرہ کم ہو جائے گا۔

**فوری علاج کروائیں اور کورس مکمل کریں**

- اگر آپ یا آپ کے بچے میں اوپر بیان کردہ علامات ظاہر ہو رہی ہیں تو آپ کو اپنی جی پی پریکٹس یا فارماسسٹ سے مشورہ کرنے کی ضرورت ہے اور جلد از جلد اینٹی بائیوٹک حاصل کریں۔
- یہ بہت اہم ہے کہ دوبارہ انفیکشن یا GAS کی مختلف اقسام کی نشوونما کے خطرے کو کم کرنے کے لیے اینٹی بائیوٹکس کا کورس مکمل کیا جائے۔

**COVID-19 (کورونا وائرس) اور انفلوئنزا - ایک یاد دہانی**

COVID-19 انفیکشن اور انفلوئنزا انفیکشن اب بھی عام ہیں۔ گروپ اے اسٹریپٹوکوکل انفیکشن کی کچھ علامات ان جیسی ہو سکتی ہیں، اس لیے آپ کو اس بات پر بھی غور کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے کہ آیا COVID-19 انفیکشن کا امکان ہے۔ یہ بھی یقینی بنائیں کہ اگر آپ اہل ہیں تو آپ کے پاس COVID-19 اور یا انفلوئنزا کی ویکسین موجود ہیں۔



ROYAL PHARMACEUTICAL SOCIETY

Self Care Forum
Helping people take care of themselves